طیارہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے قائم کی گئی تحقیقاتی ٹیم نے باضابطہ تحقیقات کا آغاز کر دیا

طیارہ حادثے کی تحقیقاتی ٹیم نے باضابطہ تحقیقات کا آغاز کر دیا جب کہ ٹیم نے حکام کو جائے حادثہ سے طیارے کا ملبہ اٹھانے سے بھی روک دیا۔

طیارہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے قائم کی گئی تحقیقاتی ٹیم نے باضابطہ تحقیقات کا آغاز کر دیا اور اس سلسلے میں سیفٹی انویسٹی گیشن بورڈ کی 6 رکنی ٹیم نے جائے حادثہ کا بھی دورہ کیا، ٹیم نے جائے حادثہ سے مزید شواہد اکٹھا کر لیے جب کہ حکام کو تحقیقات مکمل ہونے تک طیارے کا ملبہ اٹھانے سے روک دیا ہے۔

دوسری جانب حادثے کا شکار ہونے والے طیارے کے بلیک باکس کو ڈی کوڈ کرنے کے لیے کراچی پہنچا دیا گیا ہے جہاں بلیک باکس کو ڈی کوڈ کرنے کے لیے فرانسیسی ٹیم کی آمد کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فرانسیسی ٹیم کی آئندہ 48 گھنٹوں میں کراچی آمد متوقع ہے جب کہ ٹیم کی معاونت کے لیے پاکستانی

ماہرین بھی موجود ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ اگر فرانس کی ٹیم بلیک باکس کو ڈی کوڈ کرنے کے لیے کراچی پہنچتی ہے تو پی آئی اے کے پاس ڈی کوڈ کرنے کے انتظامات موجود ہیں جب کہ تحقیقاتی ٹیم کی جانب سے بلیک باکس کو فرانس بھجوانے پر بھی مشاورت جاری ہے۔

واضح رہے کہ گزشتہ روز پی آئی اے کا چترال سے اسلام آباد جانے والا طیارہ حویلیاں کے قریب گر کر تباہ ہوا جس میں جہاز کے عملے سے 47 افراد جاں بحق ہوئے جب کہ طیارے میں معروف نعت خواں جنید جمشید بھی اپنی اہلیہ کے ہمراہ سوار تھے۔